سوال

جنبی قرآن مجید کی تلاوت نہیں کرسکتا

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیا جنبی زبانی قرآن مجید کی تلاوت کرسکتا ہے۔ اور اگرتلاوت کرنا جائز نہیں توکیا وہ تلاوت کو سن سکتا ہے۔؟ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنبی کے لئے غسل کئے بغیر قرآن مجید سے دیکھ کریا زبانی تلاوت کرنا جائز نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ :

انہ کان لا یحجزہ شیئ عن القرآن الا الجنابۃ (سنن ابن ماجہ)

''جنابت کے سوااور کوئی چیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن مجید کی تلاوت سے نہیں روکتی تھی۔''

ہاں البتہ جنبی کے لئے قرآن مجید کی تلاوت سننے میں کوئی حرج نہیں بلکہ اس کے لئے یہ مستحب ہے۔ کیونکہ اس میں بہت فائدہ ہے۔ ہاں البتہ وہ قرآن کو ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ دیکھ کر قرآن مجید پڑھ نہیں سکتا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص299

محدث فتویٰ